دی سٹی اسکول　　　　　　　　　　　　　　پی اے ایف چیپٹر　　　　　　　　　　　　　　جونیئر سیکشن

اردو ورک شیٹ ۔ کلاس سوم

تفہیم ۔ غلط پارکنگ

صبح کا وقت تھا سب لوگ اپنے اپنے کاموں پر نکل رہے تھے ۔ عمر بھی اپنے ابو کے ساتھ اسکول کے لیئے روانہ ہوا ۔ ابھی وہ لوگ کچھ ہی دور گئے تھے کہ ٹریفک جام میں پھنس گئے ۔ کہیں سے بھی نکلنے کا راستہ نہ تھا ۔ عمر بہت پریشان ہو رہا تھا کیونکہ اس کا آج اہم ٹیسٹ تھا جو پہلے پیریڈ میں ہی تھا ۔ آدھا گھنٹہ گزر جانے کے بعد ٹریفک چلنا شروع ہوا ۔ لوگوں نے معلوم کیا تو پتہ چلا کہ ایک شخص اپنی گاڑی غلط پارک کرکے کہیں چلا گیا تھا جس کی وجہ سے یہ سارا معاملہ ہوا ۔ عمر کے استاد نے دو روز پہلے ہی سبق قانون کا احترام پڑھایا تھا ۔ جس میں قانون پر عمل کرنے کے بارے میں بہت اچھی اچھی باتیں بتائی گئی تھیں ۔ عمر اپنے ابو سے کہہ رہا تھا کہ قانون پر عمل کرنے سے ہم کتنی پریشانیوں سے بچ سکتے ہیں ۔ آج ایک شخص کے قانون توڑنے کی وجہ سے کتنے سارے لوگوں کو پریشانی اُٹھانی پڑی ۔ عمر اپنے ٹیسٹ سے بھی محروم رہ گیا ۔

اچھا شہری ہمیشہ قانون کا احترام کرتا ہے ۔ اور جس ملک کے شہری قوانین پر عمل کرتے ہیں وہ ملک بہت ترقی کرتا ہے ۔

سوالات:

سوال ١۔　عمر وقت پر اسکول کیوں نہ پہنچ سکا ؟

سوال ٢۔　ٹریفک جام کس وجہ سے ہوا تھا ؟

سوال ٣۔　عمر نے اپنے استاد سے کون سا سبق پڑھا تھا ؟

سوال ۴۔　عمر نے اپنے ابو کو کیا بتایا ؟

سوال ۵۔　ایک اچھے شہری کی کیا پہچان ہے ؟

سوال ٦۔　کوئی بھی ملک کس طرح ترقی کر سکتا ہے ؟

سوال ٧۔　عبارت میں سے پانچ حروف تلاش کرکے لکھیئے ۔

سوال ٨۔　اگر آپ ایک اچھے شہری ہیں تو آپ کون کون سی باتوں پر عمل کرتے ہیں ۔

(نوٹ یہ تمام کام فل اسکیپ شیٹ پر صفائی کے ساتھ کیجیے)